© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اشارات

قوم دو طبقوں پر مشتمل ہوا کرتی ہے، ایک طبقۂ عوام۔ دوسرا طبقۂ خواص۔ طبقۂ عوام اگرچہ کثیر التعداد ہوتا ہے، اور قوم کی عددی قوت اسی طبقہ پر مبنی ہوتی ہے، لیکن سوچنے اور رہنمائی کرنے والے دماغ اس گروہ میں نہیں ہوتے۔ نہ یہ لوگ علم سے بہرہ ور ہوتے ہیں، نہ ان کے پاس مالی قوت ہوتی ہے، نہ یہ جاہ و منزلت رکھتے ہیں، نہ حکومت کا اقتدار ان کے ہاتھوں میں ہوتا ہے۔ اس لیے قوم کو چلانا ان لوگوں کا کام نہیں ہوتا، بلکہ محض چلانے والوں کے پیچھے چلنا ان کا کام ہوتا ہے۔ یہ خود راہیں بنانے اور نکالنے والے نہیں ہوتے بلکہ جو راہیں ان کے لیے بنادی جاتی ہیں انہی پر چل پڑتے ہیں۔ راہیں بنانے اور ان پر پوری قوم کو چلانے والے دراصل خواص ہوتے ہیں، جن کی ہر بات اور ہر روش اپنی پشت پر دماغ، دولت، عزت اور حکومت کی طاقتیں رکھتی ہے، اور قوم کو طوعاً و کرہاً انہی کی پیروی کرنی پڑتی ہے پس یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ قوم کی اصلی طاقت اس کے عوام نہیں بلکہ خواص ہوتے ہیں۔ انہی پر قوم کے بننے اور بگڑنے کا مدار ہوتا ہے۔ ان کی راست روی پوری قوم کی راست روی اور انہی کی گمراہی پوری قوم کی گمراہی پر منتج ہوتی ہے۔ جب کسی قوم کی بہتری کے دن آتے ہیں تو ان میں ایسے خواص پیدا ہوتے ہیں جو خود راہ راست پر چلتے اور پوری قوم کو اس پر چلاتے ہیں۔ وَجَعَلْنٰھُمْ اَئِمَّۃً یَّھْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَیْنَآ اِلَیْھِمْ فِعْلَ الْخَیْرٰتِ (۲۱:۵)۔ اور جب کسی قوم کی تباہی کا زمانہ آتا ہے، تو اس کے بگاڑ کی ابتدا اس کے خواص سے ہوتی ہے، جن کی گمراہی اور فساد اخلاق سے آخرکار ساری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

قوم ضلالت اور بدعملی میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ وَإِذَآ أَرَدْنَآ أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا۟ فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا ٱلْقَوْلُ فَدَمَّرْنَٰهَا تَدْمِيرًا (۱۷: ۲)

قرآن نے خواصِ قوم کو "مُترفین" کہا ہے، یعنی وہ لوگ جن کو اللہ نے اپنی نعمتوں سے خوب سرفراز کیا ہو۔

---

اللہ کی سنت کے مطابق ہماری قوم کا بگاڑ بھی ہمارے مترفین ہی سے ہوا۔ ان لوگوں نے اُس طریقے کو جو احکامِ الٰہی کے مطابق ہدایت کرنے والے ائمہ کا طریقہ تھا چھوڑ دیا اور شیطانی طریقوں کی پیروی شروع کر دی۔ انہی نے نفس پرستی کے لیے شریعت کی بندشیں ڈھیلی کرنے کا سلسلہ شروع کیا، انہی نے فراعنہ اور قیاصرہ کی طرح خدا کے بندوں سے اپنی بندگی کرانی شروع کی اور اپنی قوم کو خدا پرستی کی جگہ بادشاہ پرستی اور امرا پرستی کا خوگر بنایا، انہی نے ان گردنوں کو بندوں کے آگے جھکنا سکھایا جنھیں صرف خدا کے آگے جھکنے کی تعلیم دی گئی تھی، انہی نے خوشنما لباسوں اور شاندار محلوں میں معاصی اور جرائم کا ارتکاب کر کے اپنی قوم کے لیے معاصی و جرائم کو خوش نما بنایا، انہی نے حرام کے مال کھا کر اپنی قوم کو حرام کھانے اور حرام کھلانے کی عادت ڈالی، انہی نے علم کو ضلالت کے لیے، عقل و فکر کو شرارت کے لیے، ذہانت کو مکر و فریب اور سازشوں کے لیے، دولت کو ایمان خریدنے کے لیے، حکومت کو ظلم و جور کے لیے، اور طاقت کو تکبر کے لیے استعمال کیا، پھر یہی ہیں جنھوں نے حقوق اور منافع تک پہنچنے اور ترقی کرنے کے اکثر جائز راستے بند کر دیے اور لوگوں کو مجبور کر دیا کہ خوشامد، رشوت، جھوٹ، سازش اور ایسے ہی دوسرے ذلیل راستوں سے اپنے مقاصد کو پہنچیں۔ غرض اخلاق و اعمال کا کوئی فساد ایسا نہیں ہے جس کا آغاز ان مُترفین سے نہ ہوا ہو۔ ان کو اللہ نے جو نعمتیں عطا کی تھیں ان کو انھوں نے غلط طریقوں سے استعمال کیا، خود بھی بگڑے، اور اپنے ساتھ اپنی قوم کو بھی بگاڑا۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یہ سب کچھ صدیوں سے ہو رہا تھا، اور اخلاقی فساد کا گھن مسلمانوں کی قومی طاقت کو اندر ہی اندر کھائے جا رہا تھا، مگر اس کے باوجود دلوں میں کم از کم ایمان کی روشنی موجود تھی۔ احکام خدا و رسول کی پابندی چاہے نہ ہو مگر خدا و رسول کی عظمت دلوں میں باقی تھی، قانون اسلام کی خلاف ورزی چاہے کتنی ہی کی گئی ہو مگر قانون کے احترام سے دل خالی نہ ہوئے تھے، اسلام کی حکومت سے انحراف خواہ کتنا ہی بڑھ گیا ہو مگر اس کے مقابلے میں بغاوت کی جرأت کبھی نہ ہوئی تھی۔ جس کو اسلام نے حق کہا تھا اس کو حق ہی مانا جاتا تھا، اگرچہ اس کو چھوڑ کر باطل کی پیروی میں کتنا ہی غلو کیوں نہ کیا گیا ہو۔ لیکن یہ جسارت کسی میں نہ تھی کہ اسلام کے بتائے ہوئے حق کو باطل، باطل کو حق، فرض کو لغو و مہمل، جائز کو مکروہ، حرام کو حلال بلکہ مستحسن اور گناہ کو صواب کہا جاتا یا سمجھا جاتا۔ گناہوں کا ارتکاب بیشک ہوتا، جرائم سے بلاشبہ دامن آلودہ ہوتے، شریعت کی حدود سے بہت کچھ تجاوز کیا جاتا، قوانین اسلامی کی خلاف ورزی حد سے گذر جاتی، مگر دل ان پر شرمسار بھی ہوتے تھے، ندامت سے گردنیں جھک بھی جاتی تھیں، کم از کم دل اس کے معترف ہوتے تھے کہ وہ خدا و رسول کی نافرمانی کر رہے ہیں۔

---

اس کی وجہ یہ تھی کہ عقائد کی کمزوری اور اعمال کی خرابی کے باوجود مسلمانوں کی تہذیب انہی قوائم و ارکان پر قائم تھی جو اسلام نے تعمیر کیے تھے۔ یونان و ایران کے افکار کی درآمد نے اگرچہ بہت کچھ گمراہی پھیلائی لیکن انھیں کبھی یہ کامیابی نہ ہوئی کہ مسلمانوں کے زاویۂ نگاہ کو پھیر دیتے، ان کی ذہنیت کے سانچے کو اسلام سے بالکل منحرف کر دیتے، اور ان کی عقل و فکر و تمیز کی قوتوں کو یہاں تک متأثر کر دیتے کہ وہ مسلمان کی سی نظر سے دیکھنا اور مسلمان کے سے دماغ سے سوچنا بالکل ہی چھوڑ دیتے۔ اسی طرح تمدن و تہذیب کا ارتقا اگرچہ بیرونی اثرات کے تحت اسلام کی متعین کی ہوئی راہوں سے بہت کچھ منحرف ہوا لیکن جن اصولوں پر اس تہذیب و تمدن کی بنا رکھی گئی تھی وہ بدستور اس کی بنیاد میں موجود تھے، اور کسی دوسری مخالف تہذیب کے اصولوں نے ان کی جگہ نہ لی تھی۔ مسلمانوں کی تعلیم کا نظام بہت کچھ بگڑا مگر علوم دینی کو اس میں بہر حال ایک ممتاز جگہ حاصل تھی، اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کوئی تعلیم یافتہ مسلمان اسلامی عقائد اور احکام شریعت اور قومی روایات سے کم از کم ابتدائی علم سے بے بہرہ نہ ہوتا تھا۔ مسلمانوں کی عملی زندگی پر قانون اسلام کی بندشیں بہت کچھ ڈھیلی ہوئیں مگر پھر بھی مسلمانوں کے جملہ معاملات پر ایک ہی قانون نافذ تھا، اور وہ اسلام کا قانون تھا۔ غرض تمام خرابیوں کے باوصف مسلمانوں کے تخیلات اخلاق اور اعمال پر اسلام کا ایک گہرا اثر تھا، اس کے اصولوں پر وہ یکسوئی کے ساتھ ایمان رکھتے تھے کم از کم ان کے ایمان کی سرحدیں مخالفِ اسلام اصولوں کو داخل ہونے کا موقع نہ ملتا تھا، اور اخلاق و اعمال کی جو قدریں اسلام نے متعین کی تھیں وہ اس حد تک متغیر نہ ہوئی تھیں کہ بالکل منقلب ہو جاتیں اور ان کے خلاف کچھ دوسری قدریں ان کی جگہ لے لیتیں۔

---

لیکن انیسویں صدی میں حکومت کو ہاتھ سے کھو دینے کے بعد جب ہماری قوم کے مترفین نے دیکھا کہ حکومت کے ساتھ جاہ و منزلت، عزت و حرمت، مال و منال سب ہی کچھ ہاتھ سے نکلے جا رہے ہیں اور غلامی کی حالت میں ان کو محفوظ رکھنے اور مافات کی تلافی کرنے کا کوئی ذریعہ بجز مغربی تہذیب اور علوم سے آراستہ ہونے کے نہیں ہے، تو ان کی روش میں ایک دوسرا تغیر ہوا جو صحیح معنوں میں محض تغیر ہی نہیں بلکہ ایک "انقلاب" تھا۔ تغیر کے معنی محض بدل جانے کے ہیں، مگر انقلاب الٹ جانے کو کہتے ہیں، اور فی الواقع اس دوسری کروٹ میں وہ ایسے الٹ گئے کہ ان کا قبلۂ مقصود الٹ گیا، ان کی ذہنیت الٹ گئی، ان کی نظریں الٹ گئیں، اور ان کا رخ اسلام سے فرنگیت کی طرف پھر گیا جو اسلام کے عین مخالف سمت میں واقع ہوئی ہے۔

---

یہ انقلاب جب شروع ہوا تو وہ شرمساری اور ندامت آہستہ آہستہ رخصت ہونے لگی جو قوانین اسلامی سے انحراف کرتے وقت پہلے محسوس کی جاتی تھی، بلکہ سرے سے یہ احساس ہی مٹنے لگا کہ شریعت کی حدود سے تجاوز کر کے وہ کسی گناہ اور کسی جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ شرمندگی و ندامت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کی جگہ ڈھٹائی اور بے حیائی نے لے لی علانیہ ہر قسم کی قانون شکنی کی جانے لگی، اور شرم کے بجائے اس پر فخر کا اظہار ہونے لگا۔ مگر انقلاب کی رو اس حد پر بھی جاکر نہ رکی۔ اب جو باتیں فرنگیت مآب لوگوں کی مجلسوں میں سنی اور دیکھی جارہی ہیں، وہ بے حیائی سے گذر کر اسلام کے خلاف صریح بغاوت کے آثار ظاہر کرتی ہیں۔ اب یہاں تک نوبت پہنچ گئی ہے کہ ایک شخص جو اسلامی قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے، وہ اپنے جرم پر نادم ہونے کے بجائے، اس شخص کو الٹا شرمندہ کرنے کی کوشش کرتا ہے جو اس پرانے قانون کی اب تک پابندی کیے جارہا ہے گویا اب مجرم اور گنہگار وہ نہیں ہے جو اسلامی قانون کو توڑتا ہے، بلکہ وہ ہے جو اس کی پیروی کرتا ہے۔ اب صرف نماز روزے سے پرہیز ہی نہیں کیا جاتا، بلکہ اس پر فخر بھی کیا جاتا ہے، ترک صوم وصلوٰۃ کی تبلیغ کی جاتی ہے، روزے رکھنے اور نمازیں پڑھنے والوں کا مذاق اڑایا جاتا ہے، یہ امید کی جاتی ہے کہ پابند صوم وصلوٰۃ لوگ (خصوصاً جب کہ وہ تعلیمیافتہ ہوں) اپنے فعل پر الٹے شرمندہ ہوں گے، یہ خیال کیا جاتا ہے کہ نماز روزے کو چھوڑنا نہیں بلکہ اس کی پابندی کرنا وہ عیب ہے جس پر کسی کو شرمندہ ہونا چاہیے، حد یہ ہے کہ اگر کسی نمازی کا کوئی عیب ظاہر ہوتا ہے تو اس کی تمام کمزوریوں کو نظر انداز کرکے کہا جاتا ہے کہ "آخر وہ حضرت نمازی ہیں نا!" یعنی اس سے عیب کے سرزد ہونے کا اصلی سبب کچھ اور نہیں بلکہ صرف وہ عمل ہے جس کو اللہ نے مانع فحشاء و منکر قرار دیا ہے، اور جسے رسول اللہ نے تمام اعمال سے افضل ٹھیرایا ہے!

---

یہ بغاوت صرف نماز روزے تک ہی محدود نہیں ہے، بلکہ قریب قریب زندگی کے تمام معاملات میں پھیل گئی ہے۔ اب اسلامی احکام کی پابندی کو "ملائیت" سے تعبیر کیا جاتا ہے، اور "ملائیت" ہمارے نئے زمانے کی اصطلاح میں تنگ نظری، تاریک خیالی، جہالت، دقیانوسیت، اور بے عقلی کے سب سے زیادہ شدید مرکب کا نام ہے۔ گویا یوں سمجھیے کہ راسخ العقیدہ اور متبع شریعت مسلمان کا نام "ملا" ہے، اور "ملا" وہ ہے جو تہذیب اور روشن خیالی سے کوسوں دور ہو، اور مہذب سوسائٹی میں کسی طرح نہ کھپ سکتا ہو!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہ کسی قول یا فعل کی تائید میں یہ دلیل کوئی دلیل ہی نہیں ہے کہ وہ قرآن و حدیث کے مطابق ہے غیر مسلم نہیں بلکہ ایک مسلمان جو بدقسمتی سے "تعلیم یافتہ" اور "روشن خیال" ہوگیا ہے، بلا تکلف قرآن و حدیث کی سند کو رد کر دیتا ہے، اور اس پر ذرا نہیں شرماتا، بلکہ توقع رکھتا ہے کہ اسلامی قانون کی سند لانے والے کو الٹا شرمندہ ہونا چاہیے۔ قرآن و حدیث کا مستند ہونا تو درکنار ہم نے تو یہ حال دیکھا ہے کہ جس بات کو اسلام کے نام سے پیش کیا جاتا ہے، اس کے خلاف فوراً ایک تعصب سا پیدا ہو جاتا ہے۔ وہی بات اگر عقلی استدلال کے ساتھ پیش کی جائے، یا کسی مغربی مصنف کے حوالے سے بیان کی جائے تو آمنا و صدقنا لیکن اسلام کا نام آتے ہی ہمارے فرنگیت مآب "مسلمانوں" کے دماغوں میں اس کے خلاف طرح طرح کے شبہات پیدا ہونے لگتے ہیں، اور انہیں شک ہو جاتا ہے کہ اس بات میں ضرور کوئی کمزوری ہے۔ گویا اب قرآن و حدیث کی سند ان لوگوں کی نظر میں کسی بات کو قوی نہیں کرتی بلکہ اس کو الٹا کمزور اور محتاجِ دلیل بنا دیتی ہے!

---

چند سال پہلے تک یہ وبا صرف ہمارے مردوں میں پھیلی ہوئی تھی، اور ہماری عورتیں اس سے محفوظ تھیں کم از کم اسلامی تہذیب کی حد تک ہم کہہ سکتے ہیں کہ "حرم" وہ آخری جائے پناہ ہے جہاں اسلام اپنے تمدن اور اپنی تہذیب کی حفاظت کرتا ہے۔ عورت کو جن مصلحتوں کی بنا پر اسلام نے حجاب شرعی میں رکھا ہے ان میں سے ایک بڑی مصلحت یہ بھی ہے کہ کم از کم وہ سینہ نور ایمان سے منور رہے جس سے ایک مسلمان بچہ دودھ پیتا ہے، کم از کم وہ گود کفر و ضلالت اور فساد اخلاق و اعمال سے محفوظ رہے جس میں ایک مسلمان بچہ پرورش پاتا ہے، کم از کم اس گہوارے کے اردگرد خالص اسلامی فضا چھائی رہے جس میں مسلمان کی نسل زندگی کی ابتدائی منزلوں سے گذرتی ہے، اور کم از کم وہ چار دیواری بیرونی اثرات سے محفوظ رہے جس میں مسلمان بچے کے سادہ دل و دماغ پر تعلیم و تربیت اور مشاہدات کے اولین نقوش ثبت ہوتے ہیں پس "حرم" دراصل اسلامی تہذیب کا سب سے زیادہ مستحکم قلعہ ہے، جس کو اس لیے تعمیر کیا گیا تھا کہ یہ تہذیب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اگر کبھی شکست کھا کر پسپا بھی ہو تو یہاں پناہ لے سکے، مگر افسوس کہ اب یہ قلعہ بھی ٹوٹ رہا ہے، فرنگیت کی وبا اب گھروں کے اندر بھی پہنچ رہی ہے، ہمارے فرنگیت مآب مُترفین اب اپنی خواتین کو بھی کھینچ کھینچ کر باہر لا رہے ہیں تاکہ وہ بھی انہیں زہریلے اثرات سے متاثر ہوں جن سے خود وہ مسموم ہو چکے ہیں، اور ہماری قوم کی لڑکیاں اب ان تعلیم گاہوں میں گمراہی اور بداعتقادی اور فساد اخلاق اور فرنگی تہذیب کے سبق لینے کے لئے بھیجی جا رہی ہیں جو اس سے پہلے ہمارے لڑکوں کو یہ سب کچھ سکھا کر اسلام سے باغی بنا چکی ہیں۔

---

یہ آخری حرکت ہمارے نزدیک اس انقلاب کی تکمیل کر دینے والی ہے جس کا ابھی ذکر کیا جا چکا ہے۔ یہ ہمارا صرف قیاس نہیں ہے، بلکہ تکمیلِ انقلاب کے آثار کو یہ بدنصیب آنکھیں دیکھ چکی ہیں، اور یہ بدقسمت کان سن چکے ہیں۔ اب یہ نوبت پہنچی ہے کہ ایک مسلمان عورت قرآن و حدیث کے صریح احکام کی خلاف ورزی کر کے، اپنی زینت کا اظہار کرتی ہوئی نکلتی ہے، انگریزی ہوٹلوں میں جا کر لنچ اور ڈنر کھاتی ہے، سینما ہال میں جا کر مردوں کے درمیان بیٹھتی ہے، بازاروں میں پھر کر شاپنگ کرتی ہے، اور ستم بالائے ستم یہ ہے کہ قانون اسلامی کے خلاف یہ تمام افعال کرنے پر شرمندہ اور نادم ہونے کے بجائے فخر کے ساتھ اپنے ان کارناموں کو بیان کرتی ہے، اور الٹا اس بے چاری عفیفہ کو قابلِ ملامت ٹھیراتی ہے جس نے قانون اسلام کی پیروی میں حجاب شرعی کو چھوڑنے سے انکار کیا، جسے مردوں کے درمیان بے حجابانہ تماشہ بنی کرتے ہوئے شرم آئی، جس کو بازاروں کے چکر لگانا، تاج اور گرین کے مزے چکھنا، سیر گاہوں کی ہوائیں کھانا، اُس چار دیواری کی بے لطفیوں کے مقابلہ میں پسند نہ آیا جس کی حدود میں رہنے کا اس کے خدا اور اس کے رسول نے اسے حکم دیا ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اسلام کے خلاف بغاوت کی اسپرٹ مردوں سے گذر کر عورتوں تک بھی پہنچتی جا رہی ہے، اور وہ بھی اسلام کے قوانین کی خلاف ورزی کو نہیں بلکہ اس کی پیروی کو اس قابل سمجھنے لگی ہیں کہ ایک مسلمان عورت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس پر شرمندہ و نادم ہو! اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ خدارا بتاؤ کہ پرانی دیندار خاتونوں کی گودوں میں پرورش پانے کے باوجود جب تمہارا یہ حال ہوا ہے تو جب تمہاری عورتیں بھی غیرت ایمانی سے بیگانہ اور اطاعت خدا و رسول کی حدود سے باہر ہو جائینگی تو ان نسلوں کا کیا حشر ہوگا جو ان نئی فرنگیت مآب خواتین کی گودوں میں پرورش پاکر نکلینگی؟ جو بچے آنکھ کھولتے ہی اپنے گرد و پیش فرنگیت ہی فرنگیت کے آثار دیکھینگے، جن کی معصوم نگاہیں اسلامی تہذیب و تمدن کی کسی علامت سے آشنا نہ ہوں گی، جن کے کانوں میں کبھی خدا اور رسول کی باتیں نہ پڑیں گی، جن کے دل و دماغ کی لوح سادہ پر ابتدا ہی سے فرنگیت کے نقوش ثبت ہو جائیں گے، کیا یہ امید کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنے جذبات، خیالات، اخلاق، اعمال، غرض کسی حیثیت سے بھی مسلمان ہوں گے؟

---

جرم کا پہلا مرتبہ یہ ہے کہ انسان جرم کرے مگر اُس کو جرم سمجھے اور اُس پر شرمندہ ہو۔ اس قسم کا جرم محض اپنی حیثیت کے لحاظ سے سزا کا متوجب ہوتا ہے، بلکہ توبہ اور اظہار ندامت سے معاف بھی کیا جا سکتا ہے، کیونکہ ایسا جرم صرف انسان کی فطری کمزوری پر محمول کیا جائیگا۔

جرم کا دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ انسان جرم کرے اور اس کو جرم نہ سمجھے، نہ اس پر شرمندہ ہو۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ شخص اس قانون کو تسلیم نہیں کرتا جس نے اس فعل کو جرم قرار دیا ہے۔

جرم کا تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ انسان جرم کرے اور اس کو عیب کے بجائے خوبی سمجھے، اور فخر کے ساتھ اس کا علانیہ اظہار کرے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اُس شخص کے دل میں اُس قانون کا کوئی احترام ہی نہیں ہے جو اس فعل کو جرم قرار دیتا ہے۔

جرم کا آخری مرتبہ یہ ہے کہ انسان نہ صرف ایک قانون کے خلاف جرم کا ارتکاب کرے، بلکہ ایک دوسرے مخالف قانون کے لحاظ سے اُس جرم کو جائز اور عین صواب سمجھے، اور جو قانون اس فعل کو جرم ٹھیراتا ہے اس کا مذاق اڑائے، اور اس کی پیروی کرنے والوں کو خطاکار سمجھے۔ ایسا شخص صرف قانون کی خلاف ورزی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ہی نہیں کرتا، بلکہ اس کی تحقیر کرتا ہے اور اس کے خلاف بغاوت کا مرتکب ہوتا ہے۔

---

ہر شخص جس میں تھوڑی سی عقل سلیم بھی ہوگی یہ تسلیم کریگا کہ جب انسان اس آخری مرتبہ تک پہنچ جائے تو وہ اس قانون کی حدود میں نہیں رہ سکتا جس کے خلاف اس نے علانیہ بغاوت کی ہے مگر کس قدر مردود ہے وہ شیطان جو تم کو یقین دلاتا ہے کہ تم اسلامی قانون کی تحقیر کرکے اُس کا مذاق اڑا کر، اور اس کی پیروی کو عیب ٹھیرا کر، اور اس کی خلاف ورزی کو صواب قرار دیکر بھی مسلمان رہ سکتے ہو۔ ایک طرف تو تمہارا یہ حال کہ خدا اور رسول جس کو اچھا کہیں اس کو تم برا کہو، وہ جس کو برا کہیں اس کو تم اچھا کہو، وہ جس کو گناہ ٹھیرائیں اس کو تم صواب قرار دو، وہ جس کو صواب ٹھیرائیں اس کو تم گناہ سمجھو، وہ جو حکم دیں اس کا تم مذاق اڑاؤ، وہ جو قانون بنائیں اس کی خلاف ورزی پر شرمانے کے بجائے تم اُلٹا اس شخص کو شرمانے کی کوشش کرو جو ان کے قانون کی پیروی کرتا ہے، اور دوسری طرف تمہارا یہ دعوی کہ تم خدا اور رسول پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی عظمت تمہارے دل میں ہے، اور ان کے پسندیدہ دین یعنی اسلام کے تم پیرو ہو۔ کیا کوئی صاحب عقل انسان تسلیم کرسکتا ہے کہ اس طرز عمل کیساتھ یہ دعوی صحیح ہو؟ اگر ایمان کیساتھ انکار جمع ہوسکتا ہے اگر تعظیم کیساتھ تحقیر جمع ہوسکتی ہے، اگر یہ ممکن ہے کسی کا احترام بھی دل میں ہو اور اس کا مذاق بھی اڑایا جائے، اگر یہ معقول ہے کہ خلاف ورزی پر فخر کرنے والا، اور پیروی کو ملامت کے قابل سمجھنے والا بھی پیرو اور مطیع ہو، تو پھر یہ ماننا پڑیگا کہ بغاوت ہی عین اطاعت ہے، اور تحقیر ہی عین تعظیم ہے، اور انکار ہی کا نام ایمان ہے، جو تمہیں ٹھوکر مارتا ہے وہی دراصل تمہاری تعظیم کرتا ہے، جو تمہارا مذاق اڑاتا ہے وہی دراصل تمہارا احترام کرتا ہے، اور جو تمہیں جھوٹا کہتا ہے وہی دراصل تمہاری تصدیق کرنے والا ہے!

---

اسلام بجز اطاعت کے اور کسی چیز کا نام نہیں ہے، اور حقیقی اطاعت ایمان کے بغیر متحقق نہیں ہوتی، اور ایمان کا اولین اقتضا یہ ہے کہ جب خدا اور رسول کا حکم کسی کو پہنچے تو اس کی گردن جھک جائے، اور وہ اسکے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مقابلے میں سر نہ اٹھا سکے:۔

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (۲۴: ۷)

مومنوں کا قول تو یہ ہونا چاہیے کہ جب ان کو بلایا جائے اللہ اور اس کے رسول کی طرف تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو وہ کہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

پھر یہ گردن جھکانا بھی بکراہت نہیں بطوع و رغبت ہونا چاہیے حتیٰ کہ حکم خدا اور رسول کے خلاف دل میں بھی کوئی تنگی اور ناراضی چھپی ہوئی نہ ہو۔ جس شخص کی گردن محض ظاہر میں جھک جائے مگر دل میں اس کے خلاف تنگی محسوس کر رہا ہو وہ مومن نہیں بلکہ منافق ہے:۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ عَنْكَ صُدُودًا ...... فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا۔ (۴: ۹)

اور جب ان سے کہا گیا کہ آؤ اس حکم کی طرف جو اللہ نے اتارا ہے اور آؤ رسول کی طرف تو تم دیکھتے ہو کہ منافقین تمہاری طرف آتے ہوئے جی چراتے ہیں۔ پس قسم ہے تیرے پروردگار کی کہ وہ ہرگز مومن نہیں ہو سکتے جب تک وہ اپنے اختلافات میں تجھ کو فیصلہ کرنے والا تسلیم نہ کر لیں، پھر جو کچھ تو فیصلہ کرے اس پر اپنے دلوں میں تنگی بھی نہ پائیں بلکہ سر تسلیم خم کر دیں۔

لیکن جو شخص علانیہ حکم ماننے سے انکار کر دے، اور خدا اور رسول کے قانون کو چھوڑ کر دوسرے قوانین کی پیروی کرے، اور انہی قوانین کو درست اور حق سمجھے اور ان کی پیروی کرتے ہوئے خدا اور رسول کے قانون کا مذاق اڑائے اور اس کی اطاعت کو عیب ٹھیرائے، وہ تو کسی طرح بھی مومن نہیں ہو سکتا خواہ وہ زبان سے اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہو اور مسلمانوں کے سے نام سے موسوم ہو اور مردم شماری میں اس کو مسلمان لکھا گیا ہو۔ انسان گناہ کر کے مومن رہ سکتا ہے بشرطیکہ گناہ کو گناہ سمجھے اور اس پر نادم ہو اور اس قانون کو تسلیم کرے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جس کے خلاف محض اپنی فطری کمزوری سے اس نے ایک فعل کا ارتکاب کیا ہے لیکن جب گناہ کے ساتھ بے شرمی اور ڈھٹائی بھی ہو، اور اس پر فخر بھی کیا جائے، اور اس کو صواب ٹھیرا کر اس شخص کو ملامت بھی کی جائے جو اس کا ارتکاب نہیں کرتا، تو خدا کی قسم ایسے گناہ کے ساتھ ایمان کبھی باقی نہیں رہ سکتا۔ اس مرتبے میں داخل ہونے سے پہلے ہی آدمی کو قطعی فیصلہ کر لینا چاہیے کہ آیا وہ مسلمان رہنا چاہتا ہے، یا اسلام سے نکل کر اس قانون کی اطاعت میں داخل ہو جانا پسند کرتا ہے جس کی پیروی میں اس کو شرح صدر حاصل ہو رہا ہے۔

---

خدا کے فضل سے ابھی تک مسلمانوں کے عوام اس فرنگیت اور ملحدانہ بغاوت کی رو سے محفوظ ہیں۔ ابھی تک ان کے دلوں میں خدا اور رسول کے احکام کا احترام باقی ہے اور قوانین اسلامی کی پابندی تھوڑی بہت انہی میں نظر آتی ہے لیکن خواص کی روش جس طرح پہلے ان کے اخلاق اور معاملات پر اثر انداز ہو چکی ہے، اسی طرح اندیشہ ہے کہ یہ نئی روش کہیں ان کے ایمان پر بھی رفتہ رفتہ اپنا مہلک اثر نہ ڈال دے۔ عامۃ مسلمین میں جس رفتار کے ساتھ ترک صوم وصلوٰۃ، منکرات و منہیات کا ارتکاب، فرنگی اطوار کی تقلید کا شوق اور فرنگی تہذیب کو خوشنما بنا کر دکھلانے والے کھیل تماشوں کی طرف میلان بڑھ رہا ہے۔ وہ دراصل اس آنے والے خطرے کا الارم ہے۔ اگر ہمارے مترفین کے خیالات کی اصلاح نہ ہوئی اور اسلام کی صراط مستقیم سے ان کا انحراف اسی طرح جاری رہا تو وہ دن دور نہیں جب ساری قوم اس ضلالت میں مبتلا ہو جائے گی اور اللہ کی یہ سنت پوری ہو کر رہے گی کہ اِذَا اَرَدْنَا اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا۔

---

© rasailojaraid.com